# امتحانی پرچہ اسلامیات لازمی برائے جماعت نہم کی تیاری کے لیے ہدایات

## ممتحنین (Paper Setters) کے لیے ضروری ہدایات

اسلامیات لازمی برائے جماعت نہم کا سالانہ پرچہ 100 نمبروں پر مشتمل ہوگا، جس کے لیے طلبہ کو تین گھنٹے کا وقت دیا جائے گا۔ یہ پرچہ تین اجزا پر مشتمل ہوگا، جس کی تقسیم/Pairing Scheme حسبِ ذیل ہے:

حصہ اول: کثیر الانتخابی سوالات (کل نمبر 20)

حصہ دوم: مختصر سوالات (کل نمبر 40)

حصہ سوم: (i) ترجمہ احادیث مبارکہ (10)، (ii) مشاہیر پر مختصر نوٹ (10)، (iii) تفصیلی سوالات (20)

اسلامیات لازمی برائے جماعت نہم کے مندرجہ بالا تینوں حصوں کے مختلف سوالات کی تیاری کے لیے درج ذیل ہدایات کو ملحوظ رکھیں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| حصہ اوّل | سوال نمبر 1: کثیر الانتخابی سوالات (MCQs) | (کل نمبر 20) | کثیر الانتخابی سوالات کی تیاری کے لیے پوری کتاب کے متن کو ملحوظ رکھیں۔ جس کی تقسیم حسبِ ذیل ہے: باب اوّل، باب چہارم، باب پنجم اور باب ششم میں سے تین تین سوالات، باب دوم اور باب سوم میں سے چار چار کثیر الانتخابی سوالات بنائے جائیں۔ |
| حصہ دوم | سوال نمبر 2: مختصر سوالات | (کل نمبر 12) | اس حصے میں کل نو (9) مختصر سوالات بنائے جائیں، جن میں سے چھے (6) سوالات کے جواب دینے کا کہا جائے۔ اس حصے کے سوالات صرف بابِ اول اور باب دوم سے پوچھے جائیں اور صرف مشقوں میں دیے گئے مختصر سوالات ہی پرچے میں شامل کیے جائیں۔ باب اوّل میں دیے گئے اسمائے حسنیٰ کا ترجمہ بھی مختصر سوالات میں شامل کیا جائے۔<br>(ہر باب سے **چار** سوال اور **اسماء الحسنیٰ** میں سے ایک ضرور شامل کریں۔) |
| | سوال نمبر 3: مختصر سوالات | (کل نمبر 12) | اس حصے میں کل نو (9) مختصر سوالات بنائے جائیں، جن میں سے چھے (6) سوالات کے جواب دینے کا کہا جائے۔ اس حصے کے سوالات صرف بابِ سوم اور بابِ چہارم سے پوچھے جائیں اور صرف مشقوں میں دیے گئے مختصر سوالات ہی پرچے میں شامل کیے جائیں۔<br>**(کسی ایک باب میں سے چار سوال اور دوسرے باب میں سے پانچ سوال بنائے جائیں)** |
| | سوال نمبر 4: مختصر سوالات | (کل نمبر 16) | اس حصے میں کل بارہ (12) سوالات بنائے جائیں، جن میں سے آٹھ (8) سوالات کے جواب دینے کا کہا جائے۔ اس حصے کے سوالات صرف بابِ پنجم اور ششم سے پوچھے جائیں اور صرف مشقوں میں دیے گئے مختصر سوالات ہی پرچے میں شامل کیے جائیں۔<br>(ہر باب سے **چھے** سوال ضرور شامل کریں۔) |
| حصہ سوم | سوال نمبر 5: احادیث کا ترجمہ | (کل نمبر 10) | باب اوّل میں دی گئی پندرہ منتخب شدہ احادیث میں سے چار احادیث پرچے میں دی جائیں، جن میں سے دو کا ترجمہ پوچھا جائے۔ ایک حدیث کا ترجمہ کرنے کے کل نمبر پانچ (5) ہیں۔<br>**نوٹ:** احادیث کا ترجمہ صرف بابِ اول میں دی گئی پندرہ منتخب شدہ احادیث میں سے ہی پوچھا جائے، کتاب میں دوسرے مقامات پر دی گئی احادیث کا ترجمہ اس جگہ نہ پوچھا جائے۔ |

تین تین

| | | | |
|---|---|---|---|
| | سوال نمبر 6: شخصیات | (کل نمبر 10) | باب ششم میں دی گئی منتخب شدہ شخصیات میں سے چار شخصیات کے بارے میں سوال پوچھا جائے اور ان میں سے دو شخصیات پر مختصر نوٹ لکھنے کو کہا جائے۔ ان چار شخصیات کا انتخاب کرنے کے لیے درج ذیل چار طبقات میں سے ایک ایک شخصیت لی جائے:<br>(1) اہل بیت وصحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم (2) صحابیات رضی اللہ تعالیٰ عنہن<br>(3) علماء ومفکرین رحمۃ اللہ علیہم (4) صوفیہ کرام رحمۃ اللہ علیہم |
| | سوال نمبر 7: تفصیلی سوالات | (کل نمبر 20) | کتاب کی مشقوں میں دیے گئے تفصیلی سوالات میں سے چار (4) دیے جائیں اور ان میں سے دو سوالوں کا جواب پوچھا جائے۔ ہر سوال کا جواب دس نمبر (10) پر مشتمل ہوگا۔ ان چار (4) سوالوں کے لیے اجزا کا انتخاب درج ذیل ترتیب کے مطابق کیا جائے:<br>(i) پہلا جز باب اول یا باب چہارم سے لیا جائے۔ (ii) دوسرا جز باب دوم سے لیا جائے۔<br>(iii) تیسرا جز باب سوم سے لیا جائے۔ (iv) چوتھا جز باب پنجم سے لیا جائے۔<br>نوٹ: باب ششم اور باب ہفتم سے کوئی تفصیلی سوال امتحانی پرچے کا حصہ نہ بنایا جائے۔ |

# ماڈل پرچہ اسلامیات (لازمی) برائے جماعت نہم

کل نمبر : 100 وقت : 3 گھنٹے

## (حصہ اوّل)

**سوال نمبر 1: درست جواب کا انتخاب کیجیے: (20)**

(1) تمام مسلمانوں کو ایک قراءت اور لہجے پر متفق کرنے والی شخصیت ہیں:

(الف) حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ (ب) حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ (ج) حضرت علی کرم اللہ وجہہ (د) حضرت زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ

(2) اللہ تعالیٰ کو ہر چیز کا خالق، مالک اور رازق ماننا کہلاتا ہے:

(الف) توحید ربوبیت (ب) توحید اُلوہیت (ج) توحید اسماء (د) توحید صفات

(3) پانچ نمازیں گناہوں کا ایسے خاتمہ کرتی ہیں جیسے پانی:

(الف) میل کا (ب) زنگ کا (ج) لوہے کا (د) لکڑی کا

(4) نبی کریم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عمل کو کہا جاتا ہے:

(الف) حدیث فعلی (ب) حدیث قولی (ج) حدیث تقریری (د) حدیث قدسی

(5) سورۃ الاحزاب کی کس آیت میں نبی کریم (خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی ختم نبوت کا واضح اعلان ہے ؟

(الف) بیس (ب) تیس (ج) چالیس (د) پچاس

(6) کھانا کھا کر شکر ادا کرنے والے کا اجر برابر ہے:

(الف) روزے دار کے (ب) مجاہد کے (ج) مسافر کے (د) سخی کے

(7) ابلیس نے حضرت آدم علیہ السلام کو سجدہ کرنے سے انکار کیا:

(الف) تکبر کی وجہ سے (ب) مال ودولت کی وجہ سے (ج) کثرتِ علم کی وجہ سے (د) فرشتوں کا سردار ہونے کی وجہ سے

(8) حضرت جبریل علیہ السلام نے کن کے حقوق کی بار بار تاکید فرمائی ؟

(الف) ہمسایہ (ب) معذور (ج) مسافر (د) اساتذہ